پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ www.rbi.org.in
ای-میل helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001
فون: 0502 2266 22 91 فیکس: 22660358 22 91

28 جولائی 2017

ریزرو بینک آف انڈیا نے ''مہا میدھا اربن کوآپریٹیو بینک لمٹیڈ، غازی آباد، اترپردیش کو جاری پابندیوں میں 29 اگست 2017 تک توسیع کی

ریزرو بینک آف انڈیا نے '' مہا میدھا اربن کوآپریٹیو بینک لمٹیڈ، غازی آباد، اترپردیش پر جاری پابندیوں میں مزید ایک ماہ کے لئے 30 جولائی 2017 سے 29 اگست، 2017 تک نظر ثانی کی شرط کے ساتھ توسیع کردی ہے۔ یہ بینک بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کے سیکشن 35A (اے اے سی ایس) کے تحت 29 جولائی 2016 سے پابندیوں کے تحت کام کررہی تھی۔ ان پابندیوں کو مورخہ 26 جولائی 2017 کی ہدایات کے تحت مزید ایک ماہ کے لئے بڑھادیا گیا ہے۔ مورخہ 26 جولائی، 2017 کی ان ہدایات کی ایک کاپی عوام کی جانکاری کے لئے بینک احاطہ میں چسپاں/مظاہرہ کے لئے لگادی جائے۔

ریزرو بینک کے ذریعہ ان ہدایات کی ترمیمات سے یہ مطلب نہیں ہے کہ بینک کی مالی حالت میں کوئی گراوٹ/سدھار ہوا ہے۔ ریزرو بینک حالات کے مدنظر ان ہدایات میں ترمیمات پر غور کرسکتا ہے۔

پریس ریلیز 2018-2017/281

اجیت پرساد

اسسٹنٹ ایڈوائزر